CCAPماڈیول 6 - افرادی قوت کی تیاری

1.1خوش آمدید

یو ایس ڈپارٹمنٹ آف اسٹیٹ کے کمیونٹی کالج ورک فورس ڈیولپمنٹ کی جانب سے پیشہ ورانہ تربیتی ماڈیول *کمیونٹی کالج گورننس (Community College Governance)* میں خوش آمدید۔

1.2مقاصد

اس ماڈیول میں، آپ ذیل کے بارے میں سیکھیں گے

- افرادی قوت کی تعلیم کی تعریف
- افرادی قوت کی تعلیم کے پروگراموں کی قسمیں
- کمیونٹی کالجز افرادی قوت کی ضروریات کا تعین کیسے کرتے ہیں
- کس طرح یہ پروگرام تیار کیے جاتے ہیں، ان کی فنڈنگ، اور قدر پیمائی کی جاتی ہے
- اور کمیونٹی میں افرادی قوت کی تیاری کی قدر و قیمت

چلیئے شروع کرتے ہیں۔

1.3افرادی قوت کی تعلیم کیا ہے؟

اکثر "حرفتی" یا "پیشہ ورانہ" تعلیم کے نام سے موسوم افرادی قوت کی تعلیم طلباء کو موجودہ اور ترقی پذیر منڈی میں درکار اہلیتیں فراہم کرنا چاہتی ہے۔ افرادی قوت کی تعلیم کا مقصد طلباء کو ملازمت کے لیے تیار کرنا ہے اور اس میں ممکنہ حد تک مؤثر انداز میں اور جلدی سے وہ تربیت فراہم کرنے پر نگاہ ہوتی ہے۔

لہذا افرادی قوت کی تربیت ملازمت گیری کو بڑھا کر *طلباء کی ضرورتیں* اور مکرر بنیاد پر ہنرمند متوقع آجروں کا ایک اچھی طرح تربیت یافتہ مجموعہ مہیا کرکے *کاروبار/صنعت کی ضرورتیں* پوری کرتی ہے۔ ایسا کرنے میں، کمیونٹی کالج یہ یقینی بنانے میں مدد کرتے ہیں کہ معاشی ترقی اور سماجی ضرورتیں پوری ہوتی ہیں۔

1970 کی دہائی سے، وفاقی اور ریاستی دونوں حکومتوں نے یہ تسلیم کیا ہے کہ کمیونٹی کالجز ارتقاء پذیر امریکہ کی ہنرمند افرادی قوت میں ایک کلیدی کردار رکھتے ہیں اور اس نے یہ تربیت فراہم کرنے کے لیے درکار وسائل فروغ دینے کی خاطر خصوصی فنڈنگ مختص کی ہے۔

فی الحال، فلوریڈا کی کمیونٹی کالج کے ایک تہائی طلباء افرادی قوت کے تعلیمی پروگرام میں داخل ہیں۔

1.4افرادی قوت کی تعلیمی پروگراموں کی قسمیں

کمیونٹی کالج کے افرادی قوت کی تعلیم کے پروگرام کی دو شکلیں ہیں: ایسوسی ایٹ آف سائنس ڈگری پروگرامز اور سرٹیفکیٹ پروگرامز۔

ایسوسی ایٹ آف سائنس ڈگری پروگرامز کے لیے خاص طور پر 2 سالہ تعلیم کی ضرورت ہوتی ہے۔

- نرسنگ، متعلقہ صحت کے شعبے، اطلاعاتی ٹیکنالوجی، انجینئرنگ ٹیکنالوجی، ڈیجیٹل میڈیا اس کی مثالوں میں شامل ہیں۔
- سرٹیفکیٹ پروگرام تمثیلی طور پر 1 سال یا اس سے کم میں مکمل کیے جا سکتے ہیں۔
- ویلڈنگ، تعمیرات کے ٹریڈز، کمپیوٹر ٹیکنیشین، الیکٹریشین اپرینٹس، آٹوموٹو ٹیکنالوجی اس کی مثالوں میں شامل ہیں۔

کالجز ملازمت کے دستیاب شعبوں کی آگہی بڑھانے کی کوشش کرتے ہیں جیسا کہ اوہیو میں واقع سیوہوگا کمیونٹی کالج کے درج ذیل ویڈیو میں نظر آرہا ہے۔

]ویڈیو کلپ - سیوہوگا[

الٹرا ساؤنڈ ایک ایسی چیز تھی جو میرے خیال سے واقعی دلچسپ تھی۔ اور میں نے یہ دیکھنے کے لیے ایک ہسپتال کا جائزہ لیا کہ آیا یہ کوئی چیز ایسی ہے جو میں حاصل کرنا چاہتا ہوں اور اسے مکمل کرنے پر مجھے اسی وقت پتہ چل گیا کہ وہ یہی ہے، ہاں یہی ہے، واقعی خوب ہے، یہ مجھے واقعی پسند آیا۔

کسی نقصان دہ اثرات کے بغیر جسم کے اندر پورے طور پر مکمل دل کو دھڑکتے ہوئے دیکھنا کافی دلچسپ ہے۔

ہم سبھی کے پاس دل ہے، اور آپ کو کبھی بھی یہ نہیں معلوم ہوتا ہے کہ ہمارے ساتھ یا خاندان کے افراد میں سے کسی کے ساتھ کیا مسئلہ پیش آنے والا ہے۔

شاید سب سے بڑی چیز جو میں طلباء کو بتاتا ہوں وہ یہ ہے کہ ان کے مریضوں کو ہمیشہ سب سے پہلے آنے کی ضرورت ہوتی ہے۔ اور وہ مجھ سے یا کلینکل سائنٹس سے جس قسم کی تربیت حاصل کرتے ہیں اس سے قطع نظر پوری امید ہے کہ وہ اپنے مریضوں کے لیے ہمیشہ جو بہترین کام کر سکتے ہیں وہی کریں گے۔

مجھے ایسا محسوس ہوتا ہے کہ ہر کوئی کافی معاون ہے، جو کہ صرف کارڈیک سے نہیں، بلکہ دوسرے اسپیشلسٹس بھی ہیں۔ مجھے ایسا محسوس ہوتا ہے کہ ہر کوئی واقعی آپ سے اچھی کارکردگی کا خواہاں ہوتا ہے اور اس چیز کو حقیقت میں ڈھالنے کے لیے وہ جو کچھ کر سکتے ہیں وہ کرنا چاہتے ہیں۔

ہمارے پاس زبردست اساتذہ ہیں، پروگرام زبردست ہے، یہ مشکل ہے، بلا شبہ یہ اسکول ہے۔ یا اس قدر آسان بھی نہیں تھا، لیکن اچھی چیزوں کے لیے سخت محنت درکار ہوتی ہے، مگر وہ آپ کو کافی اچھی طرح تیار کرتے ہیں۔

یہ ضروری ہے کہ وہ جانے سے پہلے تیار ہوں اور میرے خیال سے tri-c اسی جگہ پر کچھ دیگر اسکولوں سے بہتر ہے کیونکہ ہم یہ یقینی بناتے ہیں کہ طلباء ہسپتالوں میں جانے سے پہلے بھی پورا معائنہ کرنے پر پوری طرح سے تیار ہوں۔

ہماری معلم کے پاس لیب کے کھلنے اوقات ہیں، ان کے پاس دفتر کے کھلنے کے اوقات ہیں، انہوں نے اپنا فون نمبر دے دیا ہے، لہذا جب بھی آپ کو کسی سوال کا جواب پانے کی ضرورت ہو اپنی معلم سے رابطہ کرنے کے لیے ڈھیر سارے طریقے موجود ہیں۔

میں نہ صرف تدریس کے بارے میں، بلکہ یہ اپنے آپ میں جو حقیقی پیشہ ہے اس کے بارے میں کافی پرجوش ہوں، اب بھی جس وقت بھی مجھ سے ہو سکتا ہے ایکو کارڈیو گرامز کرتا ہوں۔ میں جب تک اس شعبے میں رہ سکتا ہوں رہنا چاہتا ہوں، اور مجھے ایسا لگتا ہے کہ اہم بات یہ ہے کہ میں اب بھی سرگرمی کےساتھ کام کرتا ہوں لہذا میں اس چیز کو کلاس روم میں لا سکتا ہوں اور کیسز کا اشتراک کرسکتا ہوں۔

یہ ایک چیلنج تو ہے لیکن بالآخر یہ کافی مفید بھی ہے۔

اگر آپ اس چیز کےبارے میں سوچتے رہے ہیں تو یہ چیز ایسی ہے جس کی میں یقینی طور پر سفارش کروں گا۔

میں محنت سے پڑھائی کرنے اور حقیقی دنیا میں موجود رہنے اور لوگوں کی مدد کرنے کی کوشش کر رہا ہوں۔

1.5افرادی قوت کے پروگرام کی تیاری

کمیونٹی کالجز نئے اور ارتقاء پذیر شعبوں کے لیے کارکنان کو تربیت کے ارادے سے پروگرام تیار کر کے تیزی سے ردعمل کرتے ہیں۔ فلوریڈا میں انجینئرنگ ٹیکنالوجی ایسوسی ایٹ ڈگری کی تیاری اس کی ایک مثال ہے۔ فلوریڈا کے متعدد کمیونٹی کالجوں میں کالج فیکلٹی کے ایک کنسورشیم نے ڈگری کا ایک خاکہ تیار کیا جس میں کئی ایک نئی تاکیدات جیسے ڈیجیٹل مینوفیکچرنگ، تیز رفتار پروٹو ٹائپنگ اور آٹومیشن ٹیکنالوجی شامل ہے۔ یہ نئی ڈگری ان میدانوں میں ارتکاز کو "سیڑھی نما" ڈھانچے میں متحد کرتا ہے، جو طلباء کو اپنے کریڈینشیلز کو سرٹیفکیٹ سے آگے 2 سالہ ڈگری تک بڑھانے کو ممکن بناتا ہے۔

1.6افرادی قوت کے پروگرامز تشکیل دینے کے لیے وسائل

فلوریڈا ڈپارٹمنٹ آف ایکنامک اپارچونیٹی مخصوص سیکٹرز میں طویل مدتی نوکری کی افزائش یا انحطاط کو ٹریک کرنے کے لیے آجر کے سروے کا استعمال کرتا ہے۔ وہ موجودہ افرادی قوت کی ضرورتوں کا تعین کرنے کے لیے ریاست پیما نوکری کے حالیہ اعلانات کی بھی "کھوج" کرتے ہیں۔

یہ ڈیٹا عوام کو، فلوریڈا کالج سسٹم کے اداروں کو اور کیریئر سورس فلوریڈا کو دستیاب کرایا جاتا ہے - جو نوکری تلاش کرنے میں فلوریڈا کے شہریوں کی مدد کرنے کے لیے تیار کردہ ایک پبلک پرائیوٹ پارٹنرشپ ہے۔ کیریئر سورس فلوریڈا کے علاقائی دفاتر کمیونٹی کالج کے ہر ایک سروس ایریا میں ہیں، اور یہ کمیونٹی کالجوں کے شانہ بشانہ کام کر کے یہ یقینی بنانے میں مدد کرتا ہے کہ افرادی قوت کے پروگرام مقامی کاروبار اور صنعت کی ضرورتوں کے ساتھ ہم آہنگ ہیں۔

1.7افرادی قوت کی تیاری کے پروگراموں کا دور حیات

افرادی قوت کی تعلیم کے نئے پروگراموں کی تیاری میں، کالج ریاست گیر نظم و نسق کی معلومات اور افرادی قوت کی ملازمت کا ڈیٹا استعمال کرتے ہیں تاکہ پروگرام کی ضرورت اور امکانی وجود کا تعین کیا جائے۔

پروگرام کی تیاری کی کوششوں میں کیریئر اور تعلیم بالغان کے شعبے کے تیار کردہ نصابی لائحہ عمل نیز صنعت کے پارٹنرز کی رائے کو بھی استعمال کیا جاتا ہے۔

مقامی کالج بورڈ نئے پروگراموں کو منظور کرتے ہیں، جس کے لیے وہ صنعت کے مشاورتی بورڈ کے مشورے پر انحصار کرتے

ہیں۔

افرادی قوت کے سبھی پروگراموں کی طرح، ملازمت کے ڈیٹا کا باقاعدگی سے جائزہ لیا جاتا ہے، تاکہ جاب پلیسمنٹ کی حقیقی شرحوں اور کمائی کے امکان کا تعین کیا جائے۔

پروگرام مزید قابل وجود نہیں ہونے پر انہیں بند کر دیا جائے گا اور ان کی عمل آوری کے وسائل ضرورت کے نئے شعبوں کو نئے سرے سے تفویض کر دیے جائیں گے۔

1.8پروگرام کی لاگتیں اور فنڈنگ

افرادی قوت کے نئے پروگرام متعارف کروانا اور برقرار رکھنا مہنگا ہو سکتا ہے۔ تخصیصی آلات اور لیب کی جگہوں پر اتنی لاگت آتی ہے جو روایتی لبرل آرٹس پروگرامنگ سے کہیں زیادہ تجاوز کر جاتی ہے۔ عین اسی وقت، وسائل کی تفویض کو کمیونٹی کی ضرورت سے جواز ملتا ہے۔

پروگرام کی فنڈنگ کے مآخذ میں شامل ہے

موجودہ کالج کے رو بہ عمل بجٹ میں ہی تفویض نو

گرانٹ کے ماخذ کے ذریعہ فراہم کردہ اسٹارٹ اپ فنڈنگ، مثلاً، امریکی محکمہ محنت کی گرانٹس

اور

صنعت کے پارٹنرز کے ساتھ امداد باہمی کے انتظامات

اس کی ایک زبردست مثال نرسنگ پروگراموں کے ساتھ ہے، جیسا کہ درج ذیل کے ویڈیو میں نظر آرہا ہے۔

]ویڈیو کلپ - ویلنسیا سی سی[

[گاتے ہوئے] ویلنسیا!

رپورٹر: جی ہاں، اور اصل میں، میں کسی سے بات کر رہا ہوں جو آپ کو اس کے بارے میں مزید معلومات دے سکتا ہے۔ تو جناب آپ کا نام کیا ہے

سیڈرک: سیڈرک

رپورٹر: سیڈرک۔ اور آپ کا میجر کیا ہے؟

سیڈرک: نرسنگ۔

رپورٹر: نرسنگ۔ ٹھیک ہے، ٹھیک ہے۔ تو کیا یہی چیز آپ کے لیے صحیح کارگر ہو رہی ہے؟

سیڈرک: جی ہاں، یہ کارگر ہو رہی ہے۔ یہ کافی موقع ہے۔

رپورٹر: اب ٹھیک ہے، کیا یہ بات درست ہے کہ ویلنسیا نرسنگ گریجویٹس نے ملکی لائسنسنگ امتحان میں ریاستی اور ملکی دونوں اوسط کی بہ نسبت زیادہ اسکور کیا۔

سیڈرک: ہاں۔

رپورٹر: اب اس کی وجہ کیا ہے؟ کیا اس وجہ صرف یہ ہے کہ آپ لوگ زیادہ اسمارٹ ہیں؟

سیڈرک: ہاں۔

ڈیب اسپاؤلڈنگ :(DS) اس نرسنگ آرٹس لیب میں، ہم طلباء کو درجہ حرارت لینے اور ہر طرح کی خون کی پیمائش کرنے کا طریقہ سکھانے سے لے کر انہیں IVson ریئل پیوپل شروع کرنے کا طریقہ سکھانے تک سبھی کچھ کر رہے ہیں۔ اور پھر ہم انہیں مریضوں کی دیکھ بھال کرنے کا طریقہ، اپنے انسانی مریض کے محرکات کے ساتھ مریضوں کی ترجیحات بھی سکھاتے ہیں۔

رپورٹر: کیا ہمارے گرد و پیش میں بس یہی چیزیں ہیں؟

:DSانہیں حیات پسندی کہا جاتا ہے، جس پر وہ صرف بنیادی اہلیتیں صرف کرتے ہیں، لیکن ہمارے پاس ایک انسانی مریض کا محرک بھی ہے، اور مریض کھانسنے، بات کرنے، چھینکنے سے لے کر ہر چیز کرتا ہے۔ یہ بلا شبہ، انہیں نقصان پہنچانے کے علاوہ کوئی بھی ایسا کام کر سکتا ہے جو وہ کر سکتے ہیں۔ وہ ہمیشہ یوں ہیں، "ارے آپ محرکات کس قدر دلچسپ ہیں، اس وقت میں نے اسے ہلاک نہیں کیا، آپ جانتے ہیں، اور بچہ ٹھیک ہے اور میں نے ابھی دوا دے دی ہے۔" لہذا وہ واقعی اس بارے میں پرجوش ہیں اور ایک بار پھر بتا دیں کہ یہی ان کے آگے بڑھنے اور ایک نرس بننے کا طریقہ جاننے کی کارروائی ہے۔

رپورٹر: ابھی یہاں پر نرسنگ پروگرام میں وہ بہت سارے عملی کام کرتے ہیں جیسا کہ مجھے بعد میں پتہ چلا۔ لنڈسے آپ نرسنگ پروگرام میں کتنے عرصہ سے ہیں؟

لنڈسے: یہ میرا پہلا سیمسٹر ہے اور میں سمجھتی ہوں کہ ہم آج آپ کا بلڈ پریشر لینے والے ہیں۔

رپورٹر: میں اس کتے کے لیے ہمیشہ ایک ٹیسٹ ڈمی کیوں ہوں؟ بس مجھے، بس مجھے یہ کام کرنے دیں۔ میں یہ گلابی والا کس طرح لے سکتا ہوں؟ گلابی میرا رنگ ہے۔ بہت سارے لوگ اس نارنجی اور گلابی کو پہچانتے نہیں ہیں۔ ارے ہاں یہ تھوڑا سا سخت ہے، اس میں بہت زیادہ تجسس ہے۔

انسٹرکٹر: آپ کو کیا ملا؟

لنڈسے: مجھے سو سے اوپر 138 ملے۔

رپورٹر: کیا یہ برا ہے؟

لنڈسے: تھوڑا بہت۔ یہ اس سے تھوڑا کم ہونا چاہیے۔

رپورٹر: انہوں نے آپ کا بلڈ پریشر کیوں نہیں لیا؟ انہوں نے میرا بلڈ پریشر کیوں لیا؟

1.9کمیونٹی ایجوکیشن آوٹ ریچ

کمیونٹی کالجز ایک پوری "کمیونٹی" کی خدمت انجام دیتے ہیں جو اکثر متعدد کاؤنٹیز کو محیط ہوتے ہیں۔ لہذا وہ متعدد صنعتوں کی ضرورتیں بھی پوری کرتے ہیں جو طلباء کے لیے وسیع پیمانے کے مواقع فراہم کرتے ہیں اور وسیع پیمانے کے ان مستفیدین کی جانب سے کالجوں کے تعاون کی حوصلہ افزائی کرتے ہیں جو کالجوں کے ذریعہ فراہم کی جانے والی تربیت سے فائدہ اٹھاتے ہیں۔

1.10افرادی قوت کی تعلیم کی قدر و قیمت

درج ذیل ویڈیو کمیونٹی کالج میں افرادی قوت کی تعلیم کی قدرو قیمت کی عکس بندی کرتی ہے۔

]ویڈیو کلپ[TIME Money -

بہت سارے امریکیوں کے لیے، کالج نہیں ہوتے ہوئے بھی کمیونٹی کالج کے تصور کی جڑیں اس تصور میں ہیں کہ چار سال کا تجربہ حتمی تجربہ ہے۔ کہ بیچلر ڈگری ہی وہ حتمی چیز ہے جس کے لیے ہمیں لوگوں کو تیار کرنا چاہیے۔ اور حقیقت تو یہ ہے کہ بیچلر ڈگریاں ہماری معیشت میں کافی اہم ہیں۔ دلچسپ بات یہ ہے کہ ہم نے کساد بازاری کے بعد سے بس یہی جانا ہے کہ جو بھی اچھی نوکریاں تخلیق ہوئی ہیں ان سے ایک بڑا حصہ ان نوکریوں کا ہے جن کے لیے چار سالہ ڈگری کی ضرورت ہوتی ہے۔ لہذا کساد بازاری کے اختتام کے بعد سے، امریکی معیشت میں ساڑھے پانچ ملین نوکریاں تخلیق ہوئی ہیں۔ ان ساڑھے پانچ ملین نوکریوں میں سے، لگ بھگ 2.9 ملین نوکریاں تو وہ ہیں جنہیں ماہرین معاشیات ایک "اچھی نوکری" کہیں گے جس کے لیے وہ اوسط اجرت سے زیادہ ادا کریں گے جو کہ ایک سال میں لگ بھگ پچاس ہزار ڈالر ہے۔ انہیں عام طور پر نگہداشت صحت اور ریٹائرمنٹ کی مراعات حاصل ہوتی ہیں۔ کساد بازاری کے بعد سے معیشت میں تخلیق شدہ ان 2.9 ملین اچھی نوکریوں میں سے 2.8 ملین کے لیے بیچلر ڈگری کی ضرورت ہے۔ عین اسی وقت، نوکریوں کی ایک بڑھتی تعداد ایسی بھی ہے جس کے لیے بیچلر ڈگری سے کم کی ضرورت ہے۔ جو نوکریاں مینوفیکچرنگ اور سروس سیکٹر میں، وہ دیگر صنعتوں، نگہداشت صحت میں ہیں جن کے لیے ان صنعتوں میں نمو ہے، لیکن ہمارے پاس اس نمو سے مماثلت رکھنے کے لیے صلاحیت نہیں ہے۔ اور کمیونٹی کالج وہ صلاحیت حاصل کرنے کے لیے زبردست جگہیں ہیں۔ لہذا کمیونٹی کالجوں کے بارے میں غورو فکر کرنا لوگوں کو ایسے مستقبل کے لیے تیار کرنے میں کافی اہم کردار ادا کرتا ہے جو ہمیں مجموعی طور پر معاشرے میں درکار ہے۔

1.11شکریہ

ہمیں امید ہے کہ اس ماڈیول سے کمیونٹی کالج کی افرادی قوت کی تیاری اور تعلیم کو بہتر ڈھنگ سے سمجھنے میں آپ کو مدد ملی۔ اگلے ماڈیول میں، آپ کمیونٹی کالج کے طلباء کے امور سے متعلق مسائل کے بارے میں جانیں گے۔

کریڈٹس

- فلوریڈا کالج سسٹم کے اداروں کا نقشہ : http://floridacollegesystem.com/Uploads/files/Career%20Pathways/FCS%20Career%20Paths%20v6.pdf
- فلوریڈا کالج سسٹم کے لوگوز: https://www.floridacollegesystem.com/home/downloadable_logos.aspx
- USAکا نقشہ: ریاستہائے متحدہ امریکہ - خاکہ بذریعہFreeVectorMaps.com
- فلوریڈا کے کاؤنٹیز کا نقشہ: فلوریڈا مع کاؤنٹیز - ایک رنگ میں بذریعہFreeVectorMaps.com
- پام اسٹیوارٹ کا پورٹریٹ/http://www.fldoe.org :
- میڈیلین ایم۔ پیومیریجا کا پورٹریٹ : https://twitter.com/educationfl/status/707604295911411713

- ڈاکٹر جیکسن سیسر کا پورٹریٹ/http://news.sfcollege.edu :
- سانتا فے کالج کی علامت-http://schererconstruction.com/project/santa-fe-college :
entrance-sign-nw-91st-st-39th-ave/.منصفانہ استعمال۔

1.12 USDOS - CCAP

کمیونٹی کالج ایڈمنسٹریٹر پروگرام ریاستہائے متحدہ ریاستہائے متحدہ امریکہ سے متعلق ہے، جو فلوریڈا اسٹیٹ یونیورسٹی کے زیر انتظام ہے

مزید معلومات کے لئے، https://eca.state.govپر جائیں یا http://lsi.fsu.edu/ccap